آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

ترجمان آزاد جموں وکشمیر تعلیمی بورڈ میر پور کے مطابق گزشتہ چند دنوں سے سوشل میڈیا پر تعلیمی بورڈ کے علاقائی رابطہ دفاتر مظفر آباد اور راولاکوٹ کے متعلق گردش کرنے والی افواہوں/خبروں کو بے بنیاد اور حقائق کے منافی قرار دیا ہے۔ تعلیمی بورڈ اپنے Digitizing Phase میں ہے۔ اس دوران بورڈ نے طلباء وطالبات کی بورڈ سے متعلقہ زیادہ تر سروسز آن لائن کردی ہیں۔ ان آن لائن سہولیات سے طلباء وطالبات اپنے چالان بذریعہ ون بل/ایزی پیسہ/جیز کیش جمع کرواتے ہوئے آن لائن متعلقہ درخواست فارم کو پر کر کے Submit کریں گے اور گھر بیٹھے ہی متعلقہ دستاویز حاصل کر سکتے ہیں۔ کمپیوٹر لٹریٹ نہ ہونے کے باعث عوام الناس اور طلباوطالبات کی اکثریت ان آن لائن سہولیات سے استفادہ نہیں کر رہے۔ بدیں وجہ ان سہولیات سے بہترین استفادہ کرنے اور طلباء وطالبات وعوام الناس کی آگاہی اوران سہولیات کے استعمال سے روشناس کروانے کے لئے تعلیمی بورڈ نے District student facilitation centers قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کی منظوری بورڈ آف گورنر اور جناب کنٹرولنگ اتھارٹی تعلیمی بورڈ سے لینے کے بعد یہ سہولت ہر ضلعی ہیڈکوارٹر پر دے دی جائے گی۔

سب آفسز مظفر آباد/راولاکوٹ بدستور کام جاری رکھیں گے۔ جبکہ یہ اضافی سہولت دینے کا مقصد تھا کہ جناب وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر اور جناب وزیر ہائیر ایجوکیشن کے ویژن کے مطابق ضلع نیلم، جہلم ویلی، باغ، سدھنوتی، حویلی کہوٹہ، کوٹلی اور ضلع بھمبر کے طلباء وطالبات کے تعلیمی بورڈ کے متعلقہ جملہ امور ضلعی ہیڈکوارٹرز میں ہی یکسو ہو سکیں۔ یوں یہ سہولت دینے کے بعد وہ اضلاع جو آزاد جموں وکشمیر تعلیمی بورڈ میرپور سے طویل مسافت پر واقع ہیں۔ ان اضلاع کے طلباو طالبات کو اپنے مختلف امور اگر وہ کمپیوٹر لٹریٹ نہ بھی ہوں تو پھر بھی ان کے ضلع ہیڈکوارٹرز پر یکسو ہو جائیں اسطرح عوام الناس اور طلباء وطالبات کو وقت کی بچت کے ساتھ ساتھ سفری تکالیف اور اضافی مالی اخراجات سے نجات مل جائے گی۔

حقائق کے برخلاف خبریں/افواہیں پھیلانے سے عوام الناس میں اضطراب اور ہیجان پیدا کرنے کی کوششیں کرنے والے تعلیمی بورڈ کے ملازمین کے خلاف فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ جس کی رپورٹ/سفارشات کی روشنی میں ان ملازمین کے خلاف سخت ترین تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی نیز عوام الناس سے بھی اپیل ہے کہ وہ دستاویزی ثبوت کے بغیر اضطراب کا شکار نہ ہوں۔

For 9/8/2023

سیکریٹری

CamScanner